14-05-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل پر ایندھن کی بچت اور غیر ملکی زر مبادلہ کی بچت کیلئے آگے آئیں۔

۲۔ سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں اب تک کسانوں سے 30 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدی گئی ہے اور کسانوں کے کھاتوں میں 4600 کروڑ روپے جمع کئے گئے ہیں۔

۳۔ حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے تمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ 8 جون کو دمہ کے مریضوں میں دوا کی تقسیم کیلئے مل جل کر کام کریں۔

اور

۴۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے کفایتی اقدامات کیلئے پیش کئے گئے 7 نکات پر بی جے پی کے ریاستی دفتر میں ایک خصوصی پروگرام منعقد ہوا۔

Jupally Krishna Rao

اکسائز اور سیاحت کے وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ ہر گھر کو ایک لائبریری میں تبدیل کرنا چاہئے۔ انہوں نے آج 99 روزہ ایکشن پلان پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا کے تحت تعلیمی تقاریب کے حصہ کے طور پر ونپرتی ضلع ہیڈ کوارٹر پر لائبری میں منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی۔

Sound Byte - Jupally Krishna Rao

اس پروگرام میں اسٹیٹ لائبریری چیرمین ریاض، لائبری کے چیرمین گوردھن ساگر، زرعی مارکٹ کے چیرمین سرینواس گوڑ، ایڈیشنل ایس پی راجیش مینا اور دوسروں نے شرکت کی۔

PTC - wanaparthy

Revanth Reddy

وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے میگا گروتھ کوریڈور منصوبوں پر اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کھمم، ورنگل اور کریم نگر کارپوریشنز کے لیے آؤٹر رنگ روڈس کی تعمیر پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مربوط شہری ترقیاتی منصوبہ بندی کی جائے۔ انہوں نے آئندہ قائم ہونے والے ایئرپورٹس کو پیش نظر رکھتے ہوئے سڑکوں کی تعمیر، ضروری ایس ٹی پیز (سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس) کے قیام اور انڈر گراؤنڈ ڈرینج نظام میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی ہدایت دی۔ وزیر اعلیٰ نے اخراجات میں کمی کے لیے ای وی گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دینے اور لیز پر حاصل کی جانے والی تمام گاڑیوں کو بھی ای وی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ہر میونسپلٹی میں سولار انرجی پلانٹس قائم کیے جائیں اور ہر مقام پر قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے شہری علاقوں میں ریڈی ایشن کم کرنے کے لیے ملٹی یوٹیلٹی ٹاورز اور ہر مقام پر اسمارٹ پولز کے قیام پر بھی زور دیا۔ ٹریفک کنٹرول میں اے آئی ٹیکنالوجی کے استعمال کے لیے ماہرین کی خدمات لینے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شہروں اور قصبوں کی آبادی کے مطابق مقامی سطح پر منصوبہ بندی کی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ہدایت دی کہ سیوریج اینڈ ویسٹ واٹر مینجمنٹ بورڈ سے صاف شدہ پانی کو ہی عمارتوں کی تعمیر میں استعمال کرنے کے لیے ضابطہ تیار کیا جائے۔ انہوں نے ورنگل ایئرپورٹ کی مستقبل کی پانی کی ضروریات پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت دی۔ اجلاس میں سنگرینی علاقے کی تمام میونسپلٹیز کو ایک یونٹ کے طور پر ترقی دینے اور سنگرینی ادارے کے سی ایس آر فنڈز مقامی ترقیاتی کاموں پر خرچ کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ آئندہ 25 برسوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام بنیادی ڈھانچے کو ایک یکساں منصوبہ بندی کے تحت ترقی دی جائے۔

Desk

Hanumanth Rao

پسماندہ طبقات کی بہبود کیلئے حکومت کے مشیر کی حیثیت سے وی ہنمنت راؤ نے آج سکریٹریٹ میں جائزہ حاصل کرلیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے انہیں مبارکباددی۔ پونم پربھاکر نے کہا کہ ہنمنت راؤ کے تقرر سے پسماندہ طبقات کی ترقی میں کافی مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں پسماندہ طبقات کی بہبود کیلئے ہنمنت راؤ کی تجاویز کوملحوظ رکھا جائے گا اورسب مل کر پسماندہ طبقات کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کریں گے۔

Desk

Vivek Venkataswamy

وزیرمحنت وکانکنی وویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ سنگارینی کے تحت نئی کانوں کولانے اورملازمین کی بھرتی کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ حکومت سنگارینی کی عظمتِ رفتہ کی بحالی کیلئے کام کرے گی۔انہوں نے آج منچریال ضلع کے مندامری میں ایک کان میں اتر کرملازمین کے کام کا جائزہ لیا۔اس موقع پرانہوں نے شرم شکتی ایوارڈس حاصل کرنے والے ملازمین کومبارکباددی۔

PTC - Mancherial

Ministers

ریاستی وزرأ اتم کمارریڈی اورکومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کی بہبود پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ کسانوں سے ان کا پورااناج خریدہ جائے گا۔ ان وزرأ نے ضلع کے انچارج وزیر اڈلوری لکشمن کمار کے ساتھ مل کر نلگنڈہ ضلع میں دھان کی خریدی کے مراکز کامعائنہ کیا۔انہوں نے خریدی کے عمل اورکسانوں کورقم کی ادائیگی کا جائزہ لیا۔ کسانوں سے ان کے مسائل دریافت کرتے ہوئے وزرأ نے ان مسائل کی یکسوئی کیلئے

عہدیداروں کو ہدایات جاری کیں۔خریدی کے مراکز کے دورہ کے بعد وزرائے نے ضلع کلکٹریٹ میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں شرکت کی۔

PTC - Nalgonda

Ponguleti Srinivasa Reddy

وزیر مال پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا ہے کہ چند محکموں میں ملازمین کی بھرتی کیلئے جلد ہی نوٹیفکیشن جاری کئے جائیں گے۔انہوں نے نوجوانوں سے کہا کہ وہ اِس کیلئے تیار رہیں۔انہوں نے آج کھمم ضلع کے ایدولاپورم میونسپلٹی میں منعقدہ پرجادربار پروگرام میں شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نوجوانوں کو روزگار کے مواقع کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے اب تک بیروزگار نوجوانوں کو 75 ہزار ملازمتیں فراہم کی ہیں۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ریاستی حکومت کی جانب سے روبہ عمل لائے جارہے ترقیاتی اور فلاحی پروگراموں کے فوائد عوام تک پہنچانے کیلئے کام کریں۔

Sound Byte - Ponguleti

اس پروگرام میں کلکٹر دیوا کر،عوامی نمائندوں اوراعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔

PTC - Khammam

Governor

ریاست کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ وزیراعظم نریندر مودی کی اپیل پر ایندھن کی بچت اور غیر ملکی زرمبادلہ کی بچت کیلئے آگے آئیں۔اِس سلسلہ میں گورنر نے ایک ویڈیو پیام جاری کیا۔گورنر نے کہا کہ دنیا بھر میں ایندھن کے بحران کے پیش نظر پٹرول اور ڈیزل کے خرچ کو کم کرتے ہوئے غیر ملکی زرمبادلہ کو بچانے کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی کرنسی کی قدر

کے تحفظ کیلئے ہر شہری کو ذمہ دارانہ رول ادا کرنا چاہئے۔شیو پرتاپ شکلا نے کہا کہ تلنگانہ کے گورنر کی حیثیت سے جائزہ لینے کے بعد انہوں نے موٹر گاڑیوں کا استعمال کم کردیا اور اب انہوں نے ان کے استعمال کو مزید 50 فیصد گھٹانے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے چیف منسٹر سے خواہش کی کہ وہ وزرائ اور عہدیداروں کو سرکاری موٹر گاڑیوں کا استعمال کم کرنے کی ہدایت دیں۔

Desk

BJP

وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے کفایتی اقدامات کیلئے پیش کئے گئے 7 نکات پر بی جے پی کے ریاستی دفتر میں ایک خصوصی پروگرام منعقد ہوا۔اس موقع پر پارٹی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے 10 تجاویز پر مشتمل ایک دستاویز جاری کیا۔انہوں نے کہا کہ سودیشی اشیاء کا استعمال، ایندھن کی بچت جیسے اقدامات آتمانربھر بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے ضروری ہیں۔ماہر معاشیات پروفیسر کرشنا ریڈی نے سات نکات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ عوام الناس اگر اپنی روزمرہ کی زندگی میں چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لائیں تو ملک کی معیشت مستحکم ہوسکتی ہے۔

Desk

Sugar

مرکزی حکومت نے ایک اہم فیصلہ کرتے ہوئے شکر کی برآمدات پر پابندی لگادی ہے۔حکومت کے اس اقدام کا مقصد ملک میں شکر کے ذخیرہ کو بڑھانا ہے اور اِس بات کو یقینی بنانا ہے کہ عام آدمی پر قیمتوں کا بوجھ نہ پڑے۔ اس پابندی پر فوری عمل ہوگا اور یہ احکام 30 ستمبر تک لاگو رہیں گے۔تاہم یورپی یونین اور امریکہ سے طئے پانے والے معاہدوں کے مطابق ان احکام کا اطلاق اِن ممالک پر نہیں ہوگا۔

NSD

N. Uttam Kumar Reddy

سیول سپلائز کے وزیر اتم کمار ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست میں اب تک کسانوں سے 30 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریدی گئی ہے اور کسانوں کے کھاتوں میں 4600 کروڑ روپے جمع کئے گئے ہیں۔ انہوں نے گزشتہ ڈھائی سال کے دوران ملک میں دھان کی سب سے زیادہ پیداوار تلنگانہ میں ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب سے زیادہ دھان خریدنے والی ریاست بھی تلنگانہ ہی ہے۔ انہوں نے نلگنڈہ ضلع کے انچارج وزیر اڈلوری لکشمن اور وزیر عمارات وشوارع کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے ساتھ مل کر نلگنڈہ ضلع میں دھان کی خریدی کے مرکز کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر اتم کمار ریڈی نے کہا کہ دھان کی خریدی کیلئے ریاست بھر میں 8 ہزار 575 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ دو تین دن میں مزید 9 لاکھ ٹن دھان ملوں کو روانہ کی جائے گی۔

PTC Nalgonda

Review

ہر سال کی طرح اس سال بھی 8 جون کو حیدرآباد کے نمائش میدان پر دمہ کے مریضوں میں دوا تقسیم کی جائے گی۔ یہ دوا مچھلی کے منہ میں رکھ کر دی جاتی ہے۔ حیدرآباد کے انچارج وزیر پونم پربھاکر نے آج تمام محکموں کو ہدایت دی ہے کہ دوا کی تقسیم کیلئے مل جل کر کام کریں۔ حیدرآباد ضلع کلکٹر کے دفتر میں منعقدہ جائزہ اجلاس میں وزراء واکٹی سری ہری اور محمد اظہر الدین اور دیگر عوامی نمائندوں اور عہدیداروں نے شرکت کی۔

Desk

○○